# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے 15 جولائی تک کپاس کے ضرررساں کیڑوں کے تدارک کے لیے حکمت عملی جاری کردی

**لاہور:02 جولائی 2025:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار سفید مکھی کے تدارک کیلئے اگیتی فصل کی خاص طور پر ہفتے میں دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور کپاس کی فصل کے کھیت اور اسکے اردگرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ کریں۔اس کے علاوہ متبادل میزبان فصلات پر سفید مکھی کا بروقت تدارک کریں۔کاشتکار کپاس کی فصل کو پانی کی کمی ہرگز نہ آنے دیں اور فصل کی ضرورت اور موسمی حالات کے مطابق آبپاشی کریں۔سفید مکھی کے کنٹرول کیلئے 20 پیلے چکنے والے کارڈز فی ایکٹر لگائیں اور ہر 15 دن کے وقفے کے بعد چپکنے والا گلو دوبارہ لگائیں۔سفید مکھی کے نقصان کی معاشی حد 5 بالغ یا بچہ یا دونوں ملا کر فی پتہ ہو تو محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی عملہ کے مشورہ سے سپرے کریں۔کاشتکار ایک ہی کیمسٹری کی زرعی زہروں کے بار بار استعمال سے گریز کریں اور سپرے سے پہلے سپرے مشین کی کیلی بریشن کریں۔سپرے کیلئے ترجیحاً ہالوکون نوزل/پاور سپریئر کا استعمال کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کپاس کے کاشتکار چست تیلے کے تدارک کے لیے متبادل میزبان فصلات خاص طور پر کپاس کے کھیت کے قریب بھنڈی اور بینگن پر چست تیلے کو کنٹرول کریں۔چست تیلے کے نقصان کی معاشی حد اگر ایک بالغ یا بچہ فی پتہ یا اس سے زیادہ ہو جائے تو محکمہ زراعت توسیع یا پیسٹ وارننگ کے مقامی عملہ کے مشورہ سے زرعی زہروں کا سپرے کریں۔اگر کپاس کی فصل پر تھرپس کا حملہ ہو تو اس کے کنٹرول کے لیے ہفتے میں کم از کم دوبار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔کپاس کی فصل کے کھیت اور اسکے اردگرد جڑی بوٹیوں کا خاتمہ یقینی بنائیں۔کپاس کی فصل کو پانی کی کمی نہ آنے دی جائے کیونکہ تھرپس سب سے زیادہ نقصان گرم اور خشک موسم میں ہی کرتا ہے۔اگر زہر پاشی کرنی مقصود ہو تو محکمہ زراعت توسیع یا پیسٹ وارننگ کے عملہ کے مشورے سے معاشی نقصان کی حد 8 سے 10 بالغ یا بچے فی پتہ ہو جائے تو کریں۔کپاس کے کاشتکار گلابی سنڈی کے حملے کا بروقت پتہ لگانے کے لئے ہفتے میں دوبار کپاس کی فصل کی پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔مانیٹرنگ کے لئے گلابی سنڈی کے جنسی پھندے 1 تا 2 عدد فی ایکڑ جبکہ اس کے مکمل کنٹرول کے لئے 9 تا 12 جنسی پھندے فی ایکٹر لگائیں اور ہر 15 دن کے وقفے سے فیرومون کیپسول کو تبدیل کریں یا لمبے عرصے والے فیرومون استعمال کریں۔اس کے علاوہ ٹرائیکوگراما کارڈز 20 عدد فی ایکڑ لگائیں اور ہر 15 دن کے بعد کارڈز دوبارہ تبدیل کرلیں۔

☆☆☆☆